ویکن اور گران کی بلدیات میں علاقائی اقدامات میں تبدیلی

حکومت نے 16 مارچ کو ویکن کی تمام بلدیات اور اس کے ساتھ اندرون ملک کی گران بلدیہ میں علاقائی اقدامات متعارف کروائے۔ تمام 52 بلدیات کو اقداماتی درجہ A دیا گیا ہے، جو کہ انتہائی سخت ترین سطح ہے۔ محکمہ برائے صحت، ادارہ برائے صحت عامہ اور ریاستی منتظم کی سفارشات کے بعد حکومت نے فیصلہ کیاہے، 20 بلدیات ابھی بھی اقداماتی درجہ A جاری رکھیں گی، 19 بلدیات کو اقداماتی درجہ B پر، جبکہ 13 بلدیات اب علاقائی اقدامات پر عملدرآمد نہیں کریں گے۔ان ترامیم کا اطلاق پیر 12 اپریل کی نصف شب سے ہوگا اور اتوار 25 اپریل تک نافذالعمل رہیں گیں۔

۔ ویکن میں انفیکشن کے اعداد میں پچھلے عرصے میں کمی دیکھی گئی ہے، جو اس بات کا واضع ثبوت ہیں کہ 16 مارچ کو لاگو ہونے والے اقدامات کا خاطر خواہ اثر ہوا ہے۔ ابھی بھی کافی بلدیات میں انفیکشن کا دباو کافی بلند ہے۔ ان بلدیات میں علاقائی اقدامات جاری رہیں گیں، جو یا تو موجودہ سطح پر یا اقداماتی سطح B ہونے چاہیے۔ وزیر صحت و نگہداشت بینٹ ہوئیٔ۔

محکمہ برائے صحت، ادارہ برائے صحت عامہ اور اوسلو اور ویکن کے ریاستی منتظم کے متاثرہ بلدیات کے ساتھ ان معاملات پر مکالمات ہوئے ہیں۔ بلدیات کی اکثریت ان سفارشات کی حمایت کرتیں ہیں۔

ان بلدیات میں اقداماتی سطح A برقرار رہے گی:

آسکر، بیرم، درامن، آندسوول، اینے بک، فریدرکستاد، یردم، لبیر، لیلیے ستروم، لورنسکوگ، موس، نانے ستاد، نیس، نوردرے فولو، ریلینگین، رودے، سارس برگ، اُلنساکر اور اوس۔

یہاں آپ اقداماتی سطح A کی فہرست دیکھ سکتے ہیں (خصوصی سخت اقداماتی سطح، کوویڈ-19 کے باقاعدہ قواعد، باب 5A)

ان بلدیات میں اقداماتی سطح کو درجہ A سے کم کر کے اقداماتی سطح B کی جایئں گی:

اورسکوگ، فلیس برگ، فلو، گول، ہمسیدال، ہول، کرودسہراد، نیسببین، نورے اور اوودال، رولاگ، ویکن میں سیگدال اور اُل علاوہ ازیں اندرون ملک گران بلدیہ۔

بلدیات جو اقداماتی سطح A (خصوصی سخت اقداماتی درجہ) سے اقداماتی سطح B (سخت اقداماتی درجہ) پر جایئں گی۔ جن میں مندرجہ ذیل موصول ہونے والی تبدیلیاں ہیں:

- 20 سال سے کم عمر بچوں اور نوجوانوں کے لیے اندورنِ خانہ کھیلوں۔ اور تفریحی سرگرمیوں کی اجازت ہوگی، اور 20 سال سے زائد عمر کے افراد کے لیے بیرونی منظم سرگرمیوں پر پابندی کا اطلاق نہیں ہوتا۔
- دوکانیں، خریداری کے مراکز اور ڈیپارٹمینٹل اسٹور کھول سکتے ہیں۔ مقامی باشندوں کو مقامی خریدداری کے مراکز اور ڈیپارٹمینٹل اسٹور استعمال کرنے کی گزارش کی جاتی ہے۔
- ریستوراں کھلے رہ سکتے ہیں، لیکن شراب پیش کرنے کی اجازت نہیں۔
- تیراکی کے مراکز، نہانے کے پارک، اسپاء، ہوٹل کاتالاب اور ایسی دوسری جگہیں 20 سال سے کم عمر کے لیے اسکول کی تیراکی، منظم تیراکی کی تربیت اور منظم تیراکی کے کورس اور اعلیٰ سطح کے تیراکوں، اور بحالیِ صحت، صحتی ورزش اور انفرادی علاج کے طور پر استعمال کے لیے کھلے رہے گیں۔

اقداماتی سطحوں کے جامع جائزے کے بعد اقداماتی سطح A میں عارضی تبدیلیاں

اقداماتی سطحA کا مقصد دو سے تین ہفتوں کیلئے ایک ایسے علاقے میں جہاں غیر واضح اور سنگین سطح کی وباء پھوٹی ہو وہاں نہایت سخت قسم کے اقدامات کا نفاذ ہوتا ہے۔ ویکن کی 20 بلدیات میں اقداماتی سطحA کے دورانیہ کو مزید بڑھانے سے مراد یہ ہے کہ ان بلدیات کے رہائشیوں کو قریباً چھ ہفتوں تک نہایت سخت اقدامات کے ساتھ رہنا پڑے گا۔

- سخت ترین سطح کے اقدامات کا تسلسل ان 20 بلدیات کے باشندوں کے لیے ایک بہت بڑا بوجھ ہے۔ اتنے لمبے عرصے تک سطح A کے اقدامات کے اطلاق کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ ساتھ ہی سطحB کے اقدامات ناکافی ہونے کی وجہ سے ان بلدیات میں سنگین صورت حال پیدا ہوئی ہے۔ ہوئیے کا کہنا ہے کہ محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت عامہ کو ذمہ داری سونپی گئی ہے کہ وہ سطحA میں عارضی تبدیلیوں پر غور کرے جنہیں اگلے ہفتے سے ہی نافذ کیا جاسکے۔

محکمہ برائے صحت اور ادارہ برائے صحت عامہ کو ساتھ میں علاقائی اقدامات کی تینوں سطحوں (اقدامی سطحA B C) کا جامع جائزہ لینے اور اس میں تبدیلی کرنے کیلئے ذمہ داری قدرے لمبی مدت کے ساتھ سونپی گئی ہے۔

- ہم ابھی بھی سطحA کے اقدامات پر انحصار کرتے ہیں تاکہ مستقبل میں نسبتاً مختصر عرصہ میں تیزی اور موئثرطریقے سے وباء کے پھیلاؤ پر قابو پاسکتے ہیں۔ یہ خاص طور پر وائرس کی مختلف اقسام جن میں ویکسین کے خلاف مزاحمت ہوسکتی ہے ان کے خلاف اہم ہے۔
ساتھ ہی اقدامات کی سطحB اورC کو جانچنا اور یہ اندازہ لگانا کہ آیا اقدامات کی ان سطحوں کو ویکن کے ان حصوں میں جہاں سخت اقدامات کی ضرورت ہے اس کے مطابق تبدیل کیا جائے جہاں لمبے عرصے تک ان کی ضرورت ہے۔

مختلف سطحوں پر لاگو ہونے والے اقدامات کا جائزہ یہاں ملاحظہ کریں۔